## شر پسند عناصر کی جانب سے راولپنڈی میں محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی یادگار کو جلانا،
## اسے توڑ پھوڑ کر تباہ کرنا انتہائی افسوسناک ہے، الطاف حسین
## پرامن احتجاج کرنا ہر جماعت اور ہر شہری کا حق ہے لیکن احتجاج کو انتقام کا رنگ نہیں دینا چاہیئے۔ الطاف حسین

لندن ۔۔ 26 فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے راولپنڈی میں شر پسند عناصر کی جانب سے محترمہ بے بینظیر بھٹو شہید کی یادگار کی توڑ پھوڑ اور جلانے کے واقعہ کی شدید مذمت کی ہے ۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پرامن احتجاج کرنا ہر جماعت اور ہر شہری کا حق ہے لیکن احتجاج کو انتقام کا رنگ نہیں دینا چاہیئے ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ راولپنڈی میں محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی یادگار کو جلانا، اسے توڑ پھوڑ کر تباہ کرنا انتہائی افسوسناک ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔

## متحدہ عرب امارات کے الزورونی گروپ کے چیئرمین سہیل الزورونی کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات
## ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات اور شہداء قبرستان کا دورہ

کراچی ۔۔۔25رفروری 2009ء ۔۔۔متحدہ عرب امارات کے الزرونی گروپ کے چیئرمین سہیل الزورونی نے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری، شکیل عمر، انیس احمد قائمخانی اور ڈاکٹر نصرت سے ملاقات کی ۔ ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں ایک گھنٹے سے زائد جاری رہی جس میں ملک کی سیاسی واقتصادی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزراء خالد عمر اور فیصل سبزواری بھی موجود تھے۔اس سے قبل سہیل الزورونی ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پہنچے تو رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے گلدستہ پیش کیا۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے سہیل الزرونی کو ایم کیو ایم کی طویل جدوجہد، اغراز ومقاصد، ریاستی آپریشن کے دوران کارکنان پرڈھائے جانیوالے ظلم وستم اور حق پرست قیادت کی جانب سے کراچی میں مکمل ہونیوالے ترقیاتی کاموں کی تفصیل سے آگاہی فراہم کی ۔اس موقع پر سہیل الزورونی نے ایم کیو ایم کی عملی جدوجہد کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم کے کارکنان نے اس جدوجہد کو کامیاب بنانے کیلئے جس طرح جان ومال ، گھربار کی قربانیاں دی ہیں وہ تاریخ کا حصہ ہیں۔انہوں نے ہجرت کرنے والے کارکنان کو خراج تحسین پیش کیا اور حق پرست قیادت کی جانب سے کراچی سمیت سندھ بھر میں ہونیوالے ترقیاتی کاموں کو سراہا سہیل الزرونی نے نائن زیروں ک مختلف شعبوں کا دورہ بھی کیا اور ایم کیو ایم ک تنظیمی کاموں کے طریقہ کار کو سراہا۔ بعد ازاں سہیل الزورونی نے حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت اور رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین کے ہمراہ عزیز آباد کے شہداء قبرستان جاکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید سمیت تمام حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## کراچی میں طالبانائزیشن کا عمل ملک وقوم کو ناقابل تلافی نقصان سے دوچار کرسکتا ہے، گلفراز خان
## کورنگی ٹاؤن میں منعقدہ کارکنان کے تربیتی اجتماعات سے خطاب

کراچی ۔۔۔26،فروری 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج گلفراز خان نے کہا ہے کہ سرحد اور قبائلی علاقوں کی طرح طالبانائزیشن کا عمل سندھ اور بالخصوص کراچی کیلئے بھی ناسور کی حیثیت اختیار کرتا جارہا ہے اور کراچی کے مختلف علاقوں سے طالبان دہشت گردوں کی گرفتاریاں اور ان کے پاس سے جدید اسلحہ کی برآمدگی ملک بھر کے پرامن عوام کیلئے باعث تشویش ہے۔ یہ بات انہوں نے کورنگی ٹاؤن میں یونٹ یوسی 9 اور یونٹ یوسی 5 میں کارکنان کے تربیتی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین جاوید اقبال فاروقی اور زرین الرحمان بھی موجود تھے ۔اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے گلفراز خان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ طالبانائزیشن کے خلاف ہے کسی قومیت کے خلاف ہرگز نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے صنعتی وتجارتی حب کراچی میں طالبانائزیشن کا عمل ملک وقوم کو ناقابل تلافی نقصان سے دوچار کرسکتا ہے اور قبائلی علاقوں اور صوبہ سرحد کی صورتحال کراچی اور سندھ میں ہونے سے قبل ہی طالبانائزیشن کے عفریب کو ختم کرنا ناگزیر ہے۔ گلفراز خان نے کارکنان پرزور دیا کہ وہ اپنے اردگرد حالات پر کڑی نظر رکھیں اور طالبانائزیشن کی سازش سے عوام کو زیادہ سے زیادہ آگاہ کرنے کیلئے تمام ذرائع اور وسائل بروئے کار لائیں۔

## اے پی ایم ایس او کی ہمیشہ یہ کاوش رہی ہے کہ وہ طلبہ میں صحت مند سرگرمیوں کو فروغ دے، فیصل سبزواری

## اے پی ایم ایس او سیفی ایوننگ یونٹ سیکٹر بی کے تحت پہلا شہدائے حق کرکٹ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔26، فروری 2009ء۔۔۔آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن سیفی ایوننگ یونٹ سیکٹر بی کے تحت پہلا شہدائے حق کرکٹ ٹورنامنٹ کا گزشتہ روز سیفی کالج کے گراؤنڈ میں افتتاح کر دیا گیا جو کہ ایک ہفتے تک جاری رہے گا۔ٹورنامنٹ کا افتتاح مہمان خصوصی وحق پرست صوبائی وزیر برائے نوجوانانِ امور سیّد فیصل علی سبزواری اور رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر نے کیا۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے چیئر مین وحیدالزماں اور جوائنٹ سیکریٹری ارشاد احمد بھی موجود تھے۔کرکٹ ٹورنامنٹ میں کالج کے اساتذہ کرام طلبہ سمیت اے پی ایم ایس او سیفی ایوننگ کے طلباء کی بڑی تعداد موجود تھی۔ٹورنامنٹ میں مختلف کالجز کی 12 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں افتتاحی تقریب سے مہمان خصوصی صوبائی وزیر برائے نوجوانانِ امور نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ اے پی ایم ایس او نے سیفی کالج میں پہلا شہدائے حق کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا ہے اور ایسی ہی نصابی اور غیر نصابی سرگرمیاں صحت مند ذہنوں کی ضمانت ہوتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کی ہمیشہ یہ کاوش رہی ہے کہ وہ طلبہ میں صحت مند سرگرمیوں کو فروغ دیں تاکہ منفی رجحان کا خاتمہ ممکن ہو اور طلبہ وطالبات کے ایک مضبوط رابطہ ہموار کرتی ہو۔اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے چیئر مین وحیدالزماں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج اے پی ایم ایس او اپنی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے طلبہ وطالبات کو تعلیمی سرگرمیوں اور غیر نصابی سرگرمیوں میں معاونت کرتی رہی ہے اور یہ کرکٹ ٹورنامنٹ بھی اس سلسلے کی کڑی ہے۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او قائد تحریک کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر طلبہ وطالبات کے حقوق کی جدوجہد کرتی رہے گی۔

## ہندو برادری کے تین روزہ میلے میں حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کی شرکت

## میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے تین روزہ مفت طبی کیمپ بھی لگایا گیا

کراچی۔۔۔26/فروری 2009ء۔۔۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت، منوھر لعل، رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم اور ایم کیوایم کی اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج اسٹیفن آصف پیٹر نے باغ ابن قاسم کلفٹن کراچی کے احاطے میں ہندو برادری کے مندر میں منعقدہ تین روزہ میلے میں شرکت کی اور میلے میں متحدہ قومی موومنٹ میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے لگائے گئے طبّی امدادی کیمپ کا دورہ کیا۔میلے میں شرکت کیلئے اندرون سندھ کے دور دراز علاقوں سے آنے والے ہندو زائرین نے ایم کیوایم کے طبی امدادی کیمپ کی سہولیات سے استفادہ کیا اور اپنا طبی معائنہ کرایا۔اس موقع پر ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے زائرین کو مفت ادویات بھی فراہم کیں۔اس موقع پر سٹی کونسلر عارف بھٹی، ٹاؤن کونسلر بابر خان، یوسی کونسلر پطرس یوسف بھی موجود تھے۔اس موقع پر اندرون سندھ سے آنے والے ہندو زائرین نے ایم کیوایم کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جو مذہبی اقلیتوں کے حقوق کیلئے نہ صرف عملی جدوجہد کر رہی ہے بلکہ ہندو برادری کے دکھ سکھ میں بھی شریک ہے۔ہندو زائرین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندوستی اور درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقہ کے حقوق کیلئے جدوجہد کر رہی ہے، ایلڈر زونگ

## پاک کالونی میں ایلڈر زونگ کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔26/فروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ غریب ومتوسطہ کی نمائندہ جماعت ہے جو فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے اور ملک پر غریبوں کی حقیقی حکمرانی قائم کرنے کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم ایلڈر زونگ کی مرکزی کمیٹی کے انچارج وسابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی طیب ہاشمی نے پاک کالونی سیکٹر کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس سے ایلڈر زونگ کے اراکین سرفراز احمد، محمود احمد، اویس الحسن برنی، زاہد قریشی، طیب یزدانی اور عبدالقادر لاکھانی نے بھی خطاب کیا۔اپنے خطاب میں مقررین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تربیت اور درس وتعلیمات کی روشنی میں متحدہ قومی موومنٹ ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسطہ کے عوام کے جائز حقوق کے حصول اور جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے تاکہ ملک پر حقیقی معنوں میں غریبوں کی حکمرانی قائم ہو سکے۔انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت جس نازک دور سے گزر رہا ہے قائد تحریک الطاف حسین ہی وہ واحد لیڈر ہیں جو اپنی فہم وفراست سے ملک کو بحران سے نکال سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سندھ امن کی دھرتی ہے اور سندھ کے مستقل باشندے صوبہ سندھ اور اس کے دارالخلافہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔انہوں نے ایلڈر زونگ کے تمام ذمہ داران وکارکنان پر زور دیا کہ وہ حالات پر نظر رکھیں اور تنظیمی لٹریچر اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات کا بغور مطالعہ کریں۔

## ایم کیوایم ٹنڈو والہیار کے کارکن سید صداقت علی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن ۔۔۔26رفروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ٹنڈو والہیار کے کارکن سید صداقت علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے سوگوارلواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔( آمین )

## سید صداقت علی کی نماز جنازہ میں متحدہ قومی موومنٹ کے مقامی ذمہ داران کی شرکت

کراچی ۔۔۔26رفروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈو والہیار یونٹ A-4 کے جواں سال کارکن سید صداقت علی حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث اچانک انتقال کرگئے (اناللہ وانا الیہ راجعون ) مرحوم کی عمر 22 سال تھی اور وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے۔دریں اثناء سید صداقت علی مرحوم کو میرواہ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ بلال مسجد قلعہ ایریا میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم ٹنڈو والہیار کے زونل انچارج سید محمد علی شاہ، زونل کمیٹی کے رکن مرزا ارشد بیگ، مقامی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## سید صداقت علی، کامران حسین، عبدارازق اور صفیہ خاتون کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 26رفروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹنڈو والہیار زون یونٹ A - 4 کے کارکن سید صداقت علی، ایم کیوایم شہداد پور سیکٹر یونٹ A-3 کے کارکن خالد حسین کے بھائی کامران حسین، ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 198 کے کارکنان عبدالرؤف اور کاشف کے والد عبدالرزاق، ایم کیوایم معمار سیکٹر اسکیم 33 یونٹ A-33 کے کارکن ندیم کمال کی والدہ صفیہ خاتون کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

## اقلیتی کارکن جاوید ستم کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔۔26رفروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے اقلیتی کارکن جاوید ستم کے والد رستم علی مسیح کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کی اور سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کی۔

☆☆☆☆☆